سوال

(319) طلاق کے بارے میں ایک روایت کی تحقیق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سنن ابن ماجہ کی حدیث نمبر 2024 کس درجے کی ہے؟ اگر صحیح ہے تو؟ (ناصر رشید، راولپنڈی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ابن ماجہ والی روایت (2034) "طلقنی زوجی ثلاث" (الطلاق باب من طلق ثلاثاً فی مجلس واحد) بلحاظ سند سخت ضعیف ہے۔ اس کا راوی اسحاق بن (عبداللہ بن) ابی فروہ بالاتفاق متروک ہے۔

دیکھئے حاشیہ البوصیری علی سنن ابن ماجہ (345) وعام کتب الضعفاء والمتروکین۔ (شہادت، مئی 2000ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد 1۔ اصول، تخریج اور تحقیقِ روایات- صفحہ 599

محدث فتویٰ